پلواشہ بشیر کا وائیٹلیٹی رننگ ورلڈ کپ کیلئے آئی جی آئی لائف وائیٹلیٹی کے ساتھ معاہدہ

کراچی: ستمبر 11، 2021

پاکستان میں انشورنس اور تکافل کی بڑی اور نمایاں کمپنی آئی جی آئی وائیٹلیٹی نے قومی وویمن بیڈمنٹن چیمپئن پلواشہ بشیر کے ساتھ معاہدہ پر دستخط کئے ہیں۔ جس کے تحت پلواشہ بشیر عالمی سطح پر منعقد کئے جانے والے وائیٹلیٹی رننگ ورلڈ کپ (VRWC) کیلئے پاکستان کی کنٹری کپتان ہوں گی۔
ہوں گی۔

اس معاہدہ کے تحت پلواشہ بشیر پاکستانیوں کو فعال اور صحت مند طرز زندگی اختیار کرنے کی طرف راغب کرنے کیلئے مشعل بردار کا کردار ادا کریں گی۔ وہ اچھی صحت کیلئے عوم کو صحت مند زندگی گزارنے کی ترغیب دیں گی جس سے نہ صرف خود کو بلکہ معاشرے کو بھی فائدہ پہنچے گا۔

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پلواشہ نے کہا کہ خود کو فٹ اور سمارٹ رکھنے کیلئے ایک فعال اور صحت مند طرز زندگی اختیار کرنی چاہیے۔ ''مجھے اس عالمی مقابلے میں 20 کروڑ سے زائد پاکستانیوں کی نمائندگی کرنے پر فخر ہے۔''

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے جہانگیر نظر حیدری، ہیڈ آف مارکیٹنگ آئی جی آئی لائف وائیٹلیٹی کا کہنا تھا کہ VRWC ایسی قوموں کے درمیان مقابلے کے جذبے کے اظہار کیلئے ایک بہترین پلیٹ فارم ہے جو اپنی روزمرہ کے معمولات میں زیادہ فعال رہتے ہوئے سستی اور تساہل پسندی پر مبنی طرز زندگی کو مات دیتے ہیں۔ پاکستان میں 2019 میں وائیٹلیٹی کے قیام اور پہلے فعال لائف انشورنس پراڈکٹ کے طور پر آئی جی آئی لائف انشورنس کے ساتھ انضمام سے ہی عوام کو یہ پیغام دیا جا رہا ہے کہ فعال طرز زندگی اپنائیں اور انعامات حاصل کریں کیونکہ وائیٹلیٹی پالیسی اپنے صارفین کو رعایتی فوڈ واؤچرز، موبائل ٹاپ اپس، سنیما گھروں کے رعایتی ٹکٹس اور ایک کی خریداری پر دوسرے مفت پالیسی کے تحت ڈیجیٹل ڈسکاؤنٹ کے ساتھ ساتھ غیر متوقع حالات میں تحفظ فراہم کرتی ہے۔